# کرائم ڈائری مورخہ 2024-04-23

| نمبر شمار | | مقدمہ نمبر | بجرم | تاریخ وقت وقوعہ | جائے وقوعہ | نام مدعی معہ رابطہ نمبر | E-Tag | تاریخ FIR | ٹائم لائن | ایڈوائزری | چیک لسٹ IO | چیک لسٹ مدعی | قسم مال | نام/تعداد ملوث ملزمان | خلاصہ | نام تفتیشی آفیسر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آبپارہ | 461 | 279 | 23-04-2024<br>07:40 AM | صدر روڈ نزد اقبال ہال G-7/3 | عبدالمجید ASI/ITP<br>03002859873 | AAB-4/23/2024-1569 | 23.04.24 | - | - | - | - | - | محمد کاشف | استغاثہ زیر دفعہ 279ت پ امروز من ASI معہ امتیاز خان 180C بسلسلہ ٹریفک ڈیوٹی بغرض انسداد ون وے وائیلیشن صدر روڈ نزد اقبال ہال بوقت 07:40 بجے دن موجود تھا کہ ایک کار نمبر VX-138 ون وے پر آئی جس کو باامداد ہمراہی حکمت عملی سے روک کر ڈرائیور نے دریافت پر اپنا نام و پتہ محمد کاشف ولد محمد رحیم سکنہ محلہ ٹکوڑہ جاوہ ڈاکخانہ سٹی بینک تحصیل مری ضلع راولپنڈی بتلایا ہے مذکورہ نے ون وے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنی اور عوام الناس کی جان کو خطرہ میں ڈال کر سر دست ارتکاب جرم 279ت پ کا کیا ہے جس کے خلاف استغاثہ ہذا بجرم مذکور مرتب کر کے بغرض قائمی مقدمہ بدست امتیاز خان 180C ارسال تھانہ ہے مقدمہ درج رجسٹر کر کے کسی دیگر آفیسر کو مامور تفتیش کیا جائے میں موقع پر موجود ہوں از موقع صدر روڈ بالمقابل اقبال ہال G-7/3 اسلام آباد بوقت 08:15 بجے دن دستخط بحروف انگریزی عبدالمجید ASI/ITP اسلام آباد | برہان احمد ASI |
| 2 | آبپارہ | 462 | 381A | 22.04.24<br>بوقت 8:00 بجے رات تا<br>11:30 بجے رات | سٹریٹ نمبر 100 سیکٹر G7/4 | عدیل احمد<br>03361777366 | AAB-4/23/2024-1583 | 23.04.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | موٹر سائیکل | نامعلوم | بخدمت جناب SHO صاحب تھانہ آبپارہ اسلام آباد درخواست برائے اندراج FIR بابت موٹر سائیکل چوری سائل عرض بردراز ہے گزارش ہیکہ سائل بطور بیلف .بنکنگ کورٹ اسلام آباد میں کام کر رہا ہے فرائض کی ادائیگی کے لیے .بنکنگ کورٹ اسلام آباد کی طرف سے سرکاری موٹر سائیکل HONDA ماڈل 2019 انجن نمبر R667574 چیسیز نمبر EB349763 رجسٹریشن نمبر GAP-911 سائل کو دیا گیا تھا کاپی رجسٹریشن بک لف ہے سائل کی رہائش مکان نمبر 108/6B سٹریٹ نمبر 100 سیکٹر G7/4 واقع ہے مورخہ 22.04.24 کو تقریباً 8 بجے رات سائل نے اپنے گھر کے باہر موٹر سائیکل متذکرہ بالا کھڑا کیا تقریباً 11:30 بجے رات کو باہر نکلا تو دیکھا کہ موٹر سائیکل موجود نہ ہے سائل نے آس پاس کی گلیوں میں موٹر سائیکل تلاش کیا مگر نہ مل سکا۔ سائل نے جس کی اطلاع بذریعہ 15 کر دی تھی اس لیے استدعا ہیکہ موٹر سائیکل متذکرہ بالا کی چوری کی بابت FIR کا اندراج کیا جائے اور سائل کا موٹر سائیکل واپس دلوایا جائے | نوید احمد ASI |
| 3 | آبپارہ | 463 | 365 | 20-04-2024<br>03:30 PM | ستارہ مارکیٹ G/7 مرکز | عمران اللہ<br>03329270772 | AAB-4/23/2024-1587 | 23.04.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | | نامعلوم | بخدمت جناب ایس ایچ او صاحب تھانہ آبپارہ سلام آباد جناب عالی! گزارش ہے کہ سائل عمران اللہ ولد نور صاحب خان سکنہ شہیدان بانڈہ تحصیل و ضلع کرک کا رہائشی ہوں۔ میرا بھائی مسمی عادل رحمان ولد نور صاحب خان مورخہ 2024-04-15 کو گاؤں سے اپنے بچوں کے ساتھ اسلام آباد آئے تھے اور ستارہ مارکیٹ میں ہوٹل میں کمرہ رینٹ پر لیا۔ مورخہ 2024-04-20 بوقت تقریبا 2:30 دن 6th روڈ کرکٹ میچ دیکھنے کے لیے ٹکٹ لینے کے لیے گئے وہاں ان کی نامعلوم آدمی سے ٹکٹ لینے کی بات ہوئی تو اس نے کہا کہ میں آپ کے پاس ٹکٹ پہنچادوں گا۔ تقریبا 3:30 بجے دن اس آدمی نے جس کا موبائل فون نمبر 0312-5327752 کا عادل رحمن کے پاس فون آیا اور کہا کہ میں آپ کے ٹکٹ لے کر آیا ہوں۔ عادل رحمن ہوٹل کے کمرہ سے ان کے پاس ٹکٹ لینے گیا تقریبا آدھا گھنٹے تک کمرے تک واپس نہ آیا تو شمس الرحمن نے عادل رحمن کو کال کیا لیکن عادل رحمن کا نمبر بند جا رہا تھا تو شمس الرحمن بھی کمرے سے باہر آیا ادھر ادھر دیکھا لیکن عادل رحمن نہ دکھائی دیا جس کے بعد شمس الرحمن نے مجھے کال کی کہ عادل رحمن نہ مل رہا ہے مجھے قوی شبہ ہے کہ کسی نامعلوم شخص/اشخاص نے اسکو اغواء کر لیا ہے۔ لہذا بذریعہ درخواست استدعا ہے کہ نامعلوم شخص/اشخاص کے خلاف قانونی کاروائی کر کے میرے بھائی کو بازیاب کروایا جائے۔ | عمران بشارت ASI |
| 4 | آبپارہ | 464 | 4/3 حد امتناع منشیات | 23-04-2024<br>08:00 PM | فٹ بال گراؤنڈ سیکٹر G7/3 | برہان احمد ASI<br>03025048270 | AAB-4/23/2024-1586 | 23.04.24 | - | - | - | - | - | نوائل مسیح | استغاثہ زیر دفعہ 4/3 حد امتناع منشیات ام شب من ASI معہ ہمراہ لیاقت علی 7174HC، محمد فاروق 7190C بسلسلہ گشت وپڑتال سیکٹر G7/M مرکز موجود تھا کہ ایک نوجوان لڑکا اپنے دائیں ہاتھ میں سفید رنگ کے پلاسٹک کا کین اٹھائے فٹ بال گراؤنڈ سے شاپر کالونی کی طرف جا رہا تھا جسکو مشکوک جان کر باامداد ہمراہ ملازمان بوقت 8:00 بجے رات قابو کر کے نام و پتہ دریافت کیا جس نے دریافت پر اپنا نام نوائل مسیح ولد جاوید اختر مسیح سکنہ مکان نمبر 513 گلی نمبر 4 فیز 5 غوری ٹاؤن اسلام آباد بتلایا۔ مذکورہ کے دائیں ہاتھ میں پکڑے ہوئے پلاسٹک کے کین کو کھول کر چیک کرنے پر کین سے دیسی قسم کا شراب بمقدار قریب 10 لیٹر برآمد ہوئی برآمدہ دیسی شراب میں سے 6 اونس شراب برائے تجزیہ کیمیائی علیحدہ نکال کر نمونہ و بقیہ شراب کے پارسل سربمہر اسمی BN-1/1 عدد ثبت کر کے تیار کردہ ہر دو عدد پارسل بذریعہ فرد بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لیکر تکمیل فرد کیگئی۔ مذکورہ نوائل مسیح نے دیسی شراب برائے پینے اور فروخت کرنے اپنے قبضہ میں رکھ کر ارتکاب جرم 4/3 حد امتناع منشیات کا کیا ہے جسکے خلاف استغاثہ بجرم مذکورہ مرتب کر کے بغرض اندراج مقدمہ بدست لیاقت علی 7174HC ارسال تھانہ ہے مقدمہ درج رجسٹر کر کے کسی دیگر افسر کو مامور تفتیش کر کے روانہ موقع کیا جائے میں موقع پر موجود ہوں۔ از موقع فٹ بال گراؤنڈ سیکٹر G7/3 اسلام آباد بوقت 8:35 بجیرات دستخط بحروف انگریزی برہان احمد ASI تھانہ آبپارہ اسلام آباد 23.4.24۔ | نوید احمد ASI |
| 5 | کوہسار | 334 | 392 | 17-04-2024 09:00 PM | سیکٹر F-7/1 بھٹائی روڈ نزد ماروی روڈ | عظیم اللہ خان<br>03045267423 | KOH-4/23/2024-999 | 23.04.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | موبائل فون | نامعلوم | بخدمت جناب ایس ایچ او صاحب تھانہ کوہسار اسلام آباد جناب عالی گزارش ہیکہ میں مسمی عظیم اللہ خان ولد پیر محمد ساکن گلی نمبر 1 نئی آبادی مور گاہ راولپنڈی کا رہائشی ہوں مورخہ 17.04.2024 بوقت 9/8 بجے رات پیدل بھٹائی روڈ نزد ماروی روڈ سیکٹر F-7/1 پیدل جا رہا تھا کہ موٹر سائیکل پر سوار 2 نوجوان لڑکے جن کی عمریں تقریبا 20/25 سال ہونگی جن میں سے ایک نے سفید رنگ کی شلوار قمیض اور دوسرے نے کالے رنگ کی شلوار قمیض پہن رکھی تھی جن کو سامنے آنے پر شناخت کر سکتا ہوں میرے پاس آکر اچانک موٹر سائیکل روک کر مجھ سے ٹائم پوچھا میں نے ٹائم بتلایا تو فورا میرے اوپر پسٹل تان لیا میں نے اپنا موبائل چھینک دیا میرا موبائل سام سنگ نوٹ Ultra 20 جس میں سم نمبر 03045267423 جس کا IMEI نمبر 355067460038045 ڈیوائس نمبر N986-B تھا اٹھا کر فرار ہوگئے کالا رنگ کے کپڑے والا لڑکا پشتو بول رہا تھا موٹر سائیکل کا نمبر نہ پڑھ سکا ان کے خلاف قانونی کاروائی کی جاوے اور میرا موبائل ٹریس کر کے برآمد کروایا جائے میں گھبرا کر گھر چلا گیا تھا آج برائے کاروائی حاضر آیا ہوں | ASI Muhammad Nadir Khan |
| 6 | کوہسار | 335 | 489F | 15.03.2024 بوقت دن | سٹینڈرڈ چارٹرڈ بنک اعوان آرکیڈ بلیو ایریا | غلام مرتضی<br>03011051977 | KOH-4/23/2024-1000 | 23.04.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | | وسیم اللہ خان | بخدمت جناب اے ایس پی صاحب تھانہ کوہسار جناب عالی مودبانہ گزارش ہیکہ سائل غلام مرتضی ولد فضل الہی شناختی کارڈ نمبر 3440170711983 ساکن مکان نمبر C1 کوری روڈ ضلع اسلام آباد کا رہائشی ہوں یہ کہ سائل نے مسمی وسیم اللہ خان ساکن مکان نمبر 482 سٹریٹ نمبر 37 2/8-G اسلام آباد فون نمبر 03315309301، 03485379372 کو اٹلی ایمبیسی کی اپوئنٹمنٹ کے لیے مبلغ آٹھ لاکھ اسی ہزار روپے 8،80،000 روپے دیئے تھے اس کے عوض مسمی وسیم اللہ خان نے دو چیک HBL جن کی مالیت چیک نمبر 1۔00000001 رقم 480000 روپے دوسرا چیک نمبر۔00000002 رقم 400000 روپے تھے اپوئنٹمنٹ نہ ہو سکی اس کے بعد رقم لینے پر مسمی وسیم اللہ نے 3 لاکھ دے دیئے مگر بقایا 4 مہینے سے نہیں دے رہا اس کے حفظ چیک ڈس آنر ہو گئے ہیں لہذا جناب عالی سے گزارش ہیکہ ملزم سے ہمارا حق واپس کروا دے | ASI Muhammad Nadir Khan |
| 7 | کوہسار | 336 | 489F | 05.09.2023 بوقت دن | ABLہ بنک سپر مارکیٹ F-6 مرکز | جواد احمد خان<br>03335687189 | KOH-4/23/2024-1001 | 23.04.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | | ساجد علی | بخدمت جناب ایس ایچ او صاحب، تھانہ کوہسار، اسلام آباد عنوان: درخواست برائے اندراج مقدمہ بر خلاف ساجد علی ولد سردار علی بابت Dishonour چیک نمبر 00000085 مورخہ 10.05.2023 ,HBL، پولیس لین، پشاور مالیتی مبلغ 56,00,000 (چھپن لاکھ روپے) جناب عالی! مودبانہ گزارش ہے کہ میں مسمی جواد احمد خان ولد عبد الرحمن خان ساکن مکان نمبر 319، سٹریٹ نمبر 20 سیکٹر F-11/2، اسلام آباد کا رہائشی ہوں۔ میں نے ایک مقدمہ نمبر 16/23 مورخہ 06.01.2023 بجرم 489F ت پ تھانہ کوہسار، اسلام آباد بر خلاف ماجد علی ولد سردار سکنہ مکان نمبر 1634، سٹریٹ نمبر 86 سیکٹر I-10/1، اسلام آباد کے خلاف رجسٹرڈ کروایا تھا جو کہ ایک چیک نمبر 45009133 مورخہ 22.09.2022 مالیتی مبلغ 56,00,000 روپے الائیڈ بینک G - 10 مرکز، اسلام آباد سے Dishonour ہونے کی بابت رجسٹرڈ ہوا تھا پھر مذکورہ بالا رقم کی بابت مسمی ساجد علی ولد سردار علی (موبائل نمبر 0345.5142646) جو کہ ماجد علی کا بڑا بھائی ہے نے مجھ سے اقرار نامہ مابین فریقین کر کے اپنے بھائی کے behalf پر ایک عدد چیک نمبر 00000085 مورخہ 10.05.2023 HBL پولیس لین، پشاور مالیتی مبلغ 56,00,000 (چھپن لاکھ روپے) دیا تھا۔ جو مقررہ تاریخ کو بینک میں کیش کروانے کی غرض سے جمع کروایا تو اکاؤنٹ میں رقم نہ ہونے کی وجہ سے Dishonour ہو گیا ہے (Dishonour سلپ درخواست ہذا کے ساتھ لف ہے)۔ میں نے مسمیان ساجد علی اور ماجد علی سے رابطہ کر کے انہیں بتایا لیکن بہت لیت و لعل سے کام لے رہے ہیں اور مجھے جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دے رہے ہیں۔ وہ رقم ادا کرنے سے صاف انکاری ہیں انہوں نے جان بوجھ کر اس اکاؤنٹ کا چیک جاری کیا ہے جس میں رقم نہیں ہے۔ ساجد علی نے میرے ساتھ فراڈ کیا ہے اور دھوکہ دیا ہے اور مجھے مالی نقصان پہنچایا ہے اور میرا قیمتی وقت ضائع کیا ہے۔ لہذا آپ سے استدعا ہے کہ ساجد علی ولد سردار علی (موبائل نمبر 0345.5142646) اور 0336.9941678 کے خلاف فراڈ، دھوکہ دہی اور چیک Dishonour کا مقدمہ درج کر کے اسے سخت سزا دی جائے | ASI Muhammad Nadir Khan |

